وَهُوَ فِيْ حِجْرِ اَبِيْهِ فَقَتَلَهُ وَقُتِلَ مَعَهُ مُحَمَّدٌ وَعَوْنٌ اِبْنَا عَبْدِ اللّٰهِ

سو شہید ہوئے اور امام حسینؓ کے ساتھ شہید ہوئے محمد اور عون دو بیٹے عبداللہ

ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَجَعْفَرٌ بَنُوْ عَقِيْلِ بْنِ

ابن جعفر طیار کے اور عبداللہ اور عبدالرحمن اور جعفر تین بیٹے عقیل ابن

اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ وَكَانَتْ شَهَادَتُهُ يَوْمَ

ابی طالب کے ف۷ راضی ہو اللہ تعالیٰ ان سب سے اور تھی شہادت ان کی دسویں تاریخ

AhlAhleSunnet.com

عاشوراء سنة احدى وستين من الهجرة وله يومئذ

محرم ۶۱ سنہ ہجری میں ف۱ اور جب آپ کی عمر تھی

ستة وخمسون سنة وخمسة اشهر وخمسة ايام وامر

چھپن برس ۵۶ اور پانچ مہینے اور پانچ دن کی ف۲ اور

الشقي ابن زياد بالرأس المكرم فدير به في سكك

ابن زیاد بدنہاد کے حکم سے سر مبارک کو پھرایا کوفے کی گلیوں میں

الكوفة ثم ارسله مع رؤس سائر الشهداء وسبايا

پھر بھیجدیا سر مبارک کو اور شہیدوں کے سروں کے ساتھ اور

اهل البيت الى يزيد بن معاوية مع شمر ذي الجوشن

اہل بیت کے قیدیوں کو یزید بن معاویہ پاس ساتھ شمر ذی الجوشن کے

وكان بدمشق ثم وجه ذرية الحسين عليه السلام

شہر دمشق میں پھر روانہ کیا یزید نے اہل بیت اور سر مبارک حسین علیہ السلام کو

وراسه مع علي بن الحسين الى المدينة انا لله وانا اليه

ساتھ امام زین العابدین کے مدینے کیطرف ف۳ ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور ہم سب اوسی کی طرف

راجعون واما اخبار النبي صلى الله عليه وآله وسلم

پھر جانا پر خبر دینا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کا

بهذه الواقعة الهائلة من جهة الوحي بواسطة جبرئيل

اس واقعہ ہولناک سے بواسطہ وحی فرلانے جبرئیل کے

وغيره من الملائكة فمشهور متواتر من ذلك ما اخرجه

وغیرہ فرشتوں کے سو مشہور اور متواتر ہے از انجملہ وہ حدیث ہے کہ روایت کی

ابن سعد والطبراني عن عائشة رضي الله عنها ان النبي

ابن سعد نے اور طبرانی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کہ پیغمبر خدا

ف۱ جمعہ کے روز ... ف۲ ... ف۳ ... ف۴ اختلاف ...

۲۵

... خلاصۃ الوفا میں ... امام حسن علیہ السلام ... ابن عبد الملک ... سلیمان ...

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ جِبْرِیْلُ اَنَّ ابْنِی الْحُسَیْنَ یُقْتَلُ

صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ مجکو خبر دی جبرئیل نے کہ میرا بیٹا حسین مارا جاوے گا

بَعْدِیْ بِاَرْضِ الطَّفِّ فَجَآءَنِیْ بِهٰذِهِ التُّرْبَةِ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّهَا

میرے بعد زمین طف مین ف۱ اور میرے پاس یہ مٹی لائے جبرئیل اور مجھسے کہا کہ یہی اونکے

مَضْجَعُهٗ وَمِنْهُ مَا اَخْرَجَهٗ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْحَاکِمُ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ

لیٹنے کی جگہ ہے ف۲ اور انمین سے وہ حدیث ہے کہ روایت کی ابو داود نے اور حاکم نے ام فضل

بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِیْ

بنت حارث سے ف۳ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس آئے

جِبْرِیْلُ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اُمَّتِیْ سَتَقْتُلُ ابْنِیْ هٰذَا یَعْنِی الْحُسَیْنَ

جبرئیل علیہ السلام پھر مجھے خبر دی کہ میری امت قریب ہے کہ قتل کریگی اس بیٹے کو یعنی امام حسین علیہ السلام کو

وَاَتَانِیْ بِتُرْبَةٍ مِّنْ تُرْبَتِهٖ حَمْرَآءَ وَاَخْرَجَ اَحْمَدُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ

اور مجھے دی تھوڑی مٹی سرخ اوس زمین کی ف۴ اور روایت کی امام احمد بن حنبل نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ دَخَلَ عَلَی الْبَیْتَ مَلَكٌ لَمْ یَدْخُلْ

علیہ و آلہ وسلم نے کہ بیشک میرے گھر مین آیا ایک فرشتہ کہ کبھی میرے پاس نہ آیا تھا

عَلَیَّ قَبْلَهَا فَقَالَ لِیْ اِنَّ ابْنَكَ هٰذَا یَعْنِیْ حُسَیْنًا مَقْتُوْلٌ وَّاِنْ

اس سے پہلے سو کہا مجھسے کہ آپ کا یہ بیٹا یعنے حسین علیہ السلام مارا جاوے گا اور آپ

شِئْتَ اَرَیْتُكَ مِنْ تُرْبَةِ الْاَرْضِ الَّتِیْ یُقْتَلُ بِهَا فَاَخْرَجَ تُرْبَةً

چاہیے تو دکھاؤن آپ کو اوس زمین کی مٹی جہان یہ مارا جاوے گا پھر نکالی تھوڑی مٹی لال

حَمْرَآءَ وَاَخْرَجَ الْبَغَوِیُّ فِیْ مُعْجَمِهٖ مِنْ حَدِیْثِ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی

سرخ اور روایت کی امام محی السنہ بغوی نے اپنی معجم مین ف۵ حضرت انس رضی اللہ تعالے

عَنْهُ قَالَ اسْتَاْذَنَ مَلَكُ الْمَطَرِ رَبَّهٗ اَنْ یَّزُوْرَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ

عنہ کی حدیث سے کہ کہا انس نے اذن مانگا مینھ کے موکل فرشتے نے اپنے پروردگار سے اذن مانگا کہ زیارت کرے رسول خدا صلے

ف۱ طف نام ہے ایک جگہ کا کوفہ کے پاس ۱۲ ق اور اب اوسکا نام کربلا مشہور ہے ۱۲ ف۲ یعنے جہان شہید ہونگے اور اوسی جگہ دفن ہونگے وہین کی یہ مٹی ہے ۱۲ منہ ف۳ یعنے عبد اللہ بن عباس کی والدہ و حضرت ام المومنین میمونہ کی ہمشیرہ ۱۲ منہ ف۴ یعنے جس زمین میں قتل ہونگے حسین علیہ السلام ۱۲ ف۵ معجم ایک کتاب ہے ... حدیث ... کی ... اور ... تہذیب ... الشہادتین

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنَ لَهٗ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

علیہ وآلہ وسلم کو سو اوسکو اجازت ہوئی اور او سوقت رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

فِي بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَ يَا اُمَّ سَلَمَةَ احْفَظِيْ عَلَيْنَا الْبَابَ

حضرت ام سلمہؓ کے گھر مین تھے سو فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ام سلمہؓ دروازے سے خبردار رہو

لَا يَدْخُلُ اَحَدٌ فَبَيْنَا هِيَ عَلَى الْبَابِ اِذْ دَخَلَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ

کوئی آنے نہ پاوے پھر اسی اثنا مین کہ وہ دروازے پر نگہبان تھین یکایک آکر امام حسین علیہ

السَّلَامُ فَاقْتَحَمَ فَوَثَبَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

السلام بزور اندر چلے گئے پھر کودنے لگے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

وَسَلَّمَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَلْثِمُهٗ

وسلم پر ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اونکو چومنے لگے

وَيُقَبِّلُهٗ فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ اَتُحِبُّهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ اِنَّ اُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهٗ

چومنے لگے تب کہا آنحضرت سے فرشتے نے آپ انکو پیار کرتے ہین فرمایا ہان فرشتے نے کہا آپکی امت عنقریب انکو مار ڈالے گی

وَاِنْ شِئْتَ اُرِيْكَ الْمَكَانَ الَّذِيْ يُقْتَلُ بِهٖ فَاَرَاهُ فَجَاءَ بِسَهْلَةٍ

اور آپ چاہین تو آپکو وہ مکان دکھا دون جہان یہ مارے جائین گے سو آپکو لاکے دکھائی ذرا سی کنکری

اَوْ تُرَابٍ اَحْمَرَ فَاَخَذَتْهُ اُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَتْهُ فِيْ ثَوْبِهَا قَالَ ثَابِتٌ

یا مٹی سرخ پھر اوس مٹی کو حضرت ام سلمہؓ نے اپنے کپڑے مین رکھ لیا ثابت نے کہا ہم

كُنَّا نَقُوْلُ اِنَّهَا كَرْبَلَاءُ وَاَخْرَجَهٗ اَيْضًا اَبُوْ حَاتِمٍ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَفِيْ رِوَايَةِ

کہا کرتے تھے کہ وہ زمین کربلا ہے اور اسی کو روایت کیا ہے ابو حاتم نے اپنے صحیح مین اور امام

ابْنِ اَحْمَدَ فِيْ زِيَادَةِ الْمُسْنَدِ قَالَ ثُمَّ نَاوَلَنِيْ كَفًّا مِّنْ تُرَابٍ اَحْمَرَ وَاَخْرَجَ

احمد کے بیٹے نے کتاب زیادۃ المسند مین یون روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا نے پھر مجھے ایک مٹھی دی سرخ اور

الْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰى

حاکم اور بیہقی نے ام الفضل بیٹی حارث سے کہ مین گئی پاس

ف [illegible] صواعق محرقہ [illegible] تحریر الشہادتین

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَوْمًا بِالْحُسَیْنِ فَوَضَعْتُہٗ
جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک دن حسین علیہ السلام کو لیکر سو رکھدیا میں نے
فِیْ حِجْرِہٖ ثُمَّ حَانَتْ مِنِّی الْتِفَاتَۃٌ فَاِذَا عَیْنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
حسینؑ کو حضرت کی گود میں پھر جو میں دیکھوں ف تو رسول خدا صلے اللہ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تُھْرِیْقَانِ مِنَ الدُّمُوْعِ فَقَالَ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَاَخْبَرَنِیْ
علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں پھر فرمایا حضرت صلعم نے کہ مجھکو جبرئیل نے خبر دی ہے
اَنَّ اُمَّتِیْ تَقْتُلُ ابْنِیْ ھٰذَا وَاَتَانِیْ بِتُرْبَۃٍ مِّنْ تُرْبَتِہٖ حَمْرَاءَ وَاَخْرَجَ
کہ میری امت شہید کریگی اس میرے بیٹے کو اور دی ہے مجھکو جبرئیلؑ نے اسکے مقتل کی مٹی سرخ اور روایت کی
اِبْنُ رَاھَوَیْہِ وَالْبَیْھَقِیُّ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
ابن راہویہ اور بیہقی اور ابو نعیم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہ حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اضْطَجَعَ ذَاتَ یَوْمٍ فَاسْتَیْقَظَ وَھُوَ خَاثِرٌ وَفِیْ یَدِہٖ
علیہ وآلہ وسلم کروٹ سے سوتے تھے ایک دن سو جاگ پڑے اور آپ غمگین تھے اور آپکے ہاتھ میں
تُرْبَۃٌ حَمْرَاءُ یُقَلِّبُھَا قُلْتُ مَا ھٰذِہِ التُّرْبَۃُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ
سرخ مٹی تھی کہ اوسکو اولٹتے پلٹتے تھے میں نے پوچھا یہ کیا مٹی ہے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ خبر دی مجھکو
جِبْرِیْلُ اَنَّ ھٰذَا یَعْنِی الْحُسَیْنَ یُقْتَلُ بِاَرْضِ الْعِرَاقِ وَھٰذِہٖ تُرْبَتُھَا
جبرئیلؑ نے کہ حسینؑ مارا جائے گا عراق کی زمین پر اور یہ مٹی وہیں کی ہے
وَاَخْرَجَ الْبَیْھَقِیُّ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اسْتَاْذَنَ مَلَکُ الْمَطَرِ رَبَّہٗ
اور روایت کی بیہقی اور ابو نعیم نے انسؓ سے کہ کہا اجازت مانگی فرشتہ مینہ برسانے والے نے
اَنْ یَّاْتِیَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاَذِنَ لَہٗ فَدَخَلَ
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آنے کو اوسکو اجازت ہوئی پھر آئے
الْحُسَیْنُ فَجَعَلَ یَقَعُ عَلٰی مَنْکِبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ
حسین علیہ السلام تو جھومنے لگے مونڈھے پر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

ف یہ حدیثیں خصائص کبریٰ کی ہیں

ف [illegible]

AsliAhleSunnet.com

فقال الملك اتحبه قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم نعم قال

سو پوچھا اوس فرشتے نے کہ آپ اس لڑکے کو پیار کرتے ہیں فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاں کہا اوس نے

فان امتك تقتله وان شئت اريتك المكان الذي يقتل فيه

آپ کی امت اسکو قتل کرے گی اور اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو دکھلا دوں مکان جہاں یہ مارا جائیگا

فضرب بيده فاراه ترابا احمر فاخذته ام سلمة فصرته

پھر اوسنے اپنا ہاتھ مارا اور حضرت کو مٹی سرخ دکھلائی پھر لیا مٹی کو حضرت ام سلمہ نے پھر اپنے کپڑے میں

في ثوبها فكنا نسمع انه يقتل بكربلاء واخرج ابو نعيم عن ام سلمة

باندھ رکھی انس نے کہا ہم سنا کرتے تھے کہ حسین شہید ہونگے کربلا میں اور روایت کی ابو نعیم نے حضرت ام سلمہ نے

قالت كان الحسن والحسين يلعبان في بيتي فنزل جبرئيل فقال

کہا کہ حسن اور حسین میرے گھر میں کھیلتے تھے پھر اوترے جبرئیل علیہ السلام سو کہنے لگے

يا محمد ان امتك تقتل ابنك هذا من بعدك واومى الى الحسين

یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہاری امت شہید کریگی اس بیٹے کو آپ کے بعد اور اشارہ کیا طرف حسین علیہ السلام کے

واتاه بتربة فشمها ثم قال ريح كرب وبلاء وقال يا ام سلمة

اور دی آپ کو تھوڑی مٹی سو حضرت نے اوسکو سونگھا پھر فرمایا اسمیں بو آتی ہے رنج اور بلا کی اور فرمایا اے ام سلمہ رض

اذا تحولت هذه التربة دما فاعلمي ان ابني قد قتل فجعلتها في

جب ہو جاوے یہ مٹی خون تو جانیو کہ میرا بیٹا شہید ہوا پھر رکھا اوس مٹی کو

قارورة واخرج ابن عساكر عن محمد بن عمر بن حسن قال كنا مع

شیشے میں بند کر رکھا ف اور روایت کی ابن عساکر نے امام حسن کے پوتے محمد سے کہا اونہوں نے کہ ہم تھے ساتھ

الحسين بنهري كربلاء فنظر الى الشمر ذي الجوشن فقال صدق

امام حسین علیہ کے کربلا کی دو نہروں پر ف٢ پھر دیکھا امام نے شمر ذی الجوشن کو سو فرمایا سچا ہے

الله ورسوله قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كاني انظر الى

اللہ اور اوسکا رسول فرمایا جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ گویا میں دیکھتا ہوں

AsliAhleSunnet.com

كلب ابقع يلغ في اهل بيتي وكان شمر ابرص واخرج ابن السكن

کہ ایک کتا ابلق منہ ڈالتا ہے میرے اہل بیت کے خون میں اور تھا شمر ذی الجوشن کوڑھی ف اور روایت کی ابن سکن

والبغوي في الصحابة وابو نعيم من طريق سحيم عن انس ابن

اور بغوی نے کتاب الصحابہ میں اور ابو نعیم نے سحیم سے کہ انس بن

الحارث قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول

حارث نے کہا کہ میں نے سنا جناب رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے

ان ابني هذا يقتل بارض يقال لها كربلاء فمن يشهد ذلك

کہ یہ بیٹا میرا ف مارا جائیگا اوس زمین میں جسکا نام کربلا ہے سو جو شخص کہ تم لوگوں میں سے وہاں موجود ہو

منكم فلينصره فخرج انس بن الحارث الى كربلاء فقتل بها مع الحسين

اوسکی مددگاری کرے سو گئے انس بن حارث کربلا کو اور شہید ہوئے امام حسین کے ساتھ ف اور

واخرج البيهقي عن ابي سلمة بن عبد الرحمن ان الحسين دخل

اور روایت کی بیہقی نے ابو سلمہ بن عبد الرحمن سے کہ حسین علیہ السلام آئے پاس

على النبي صلى الله عليه وآله وسلم وعنده جبرئيل في مشربة

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور آپ کے پاس جبرئیل تھے حضرت

عائشة فقال له جبرئيل ستقتله امتك وان شئت اخبرتك

عائشہ کے بالاخانے پر سو کہا جبرئیل نے قریب شہید کریگی اسکو آپکی امت اور آپ چاہیں تو میں بتاؤں آپکو

بالارض التي يقتل فيها واشار جبرئيل بيده الى الطف بالعراق

وہ زمین جس میں یہ شہید ہوگا اور جبرئیل نے ہاتھ سے اشارہ کیا طرف جنگل میدان عراق کی ف

فاخذ تربة حمراء فاراه اياها واخرجه من طريق آخر عن

پھر لیکر وہاں کی مٹی سرخ دکھلائی حضرت کو اور بیہقی نے یہ حدیث

ابي سلمة عن عائشة موصولا واخرج البيهقي عن الشعبي قال

ابی سلمہ سے اوسنے حضرت عائشہ سے موصول بھی روایت کی ہے ف اور روایت کی بیہقی نے شعبی سے کہا اونہوں نے کہ عبد اللہ

AsliAhleSunnet.com

إن ابن عمر قدم المدينة فأخبر أن الحسين قد توجه إلى العراق

ابن عمر آئے مدینے میں پھر خبر پائی کہ جناب امام حسین علیہ السلام چلے گئے ہیں عراق کی طرف

فلحقه في مسيرة ليلتين من الربذة فقال له إن الله تعالى خير

سو جا ملے عبد اللہ بن عمر امامؑ سے اوس مقام میں جہاں سے ربذہ دو منزل تھا پھر کہا عبد اللہ بن عمر نے امامؑ کو کہ اللہ تعالیٰ نے

نبيه بين الدنيا والآخرة فاختار الآخرة ولم يرد الدنيا وإنكم

اپنے پیغمبر کو اختیار دیا تھا دنیا اور آخرت میں اختیار کیا حضرت نے آخرت کو اور نہ چاہا دنیا کو اور تم حضرت کے

بضعة منه والله لا يليها أحد منكم أبدا وما صرفها الله تعالى

جگر پارہ ہو واللہ نہ ملے گی دنیا کسی کو تم میں سے کبھی اور جدا جو کی ہے حکومت دنیا کی اللہ تعالیٰ نے

عنكم إلا للذي هو خير لكم فارجعوا فأبى فاعتنقه ابن عمر

تم سے تو اسی میں کچھ بہتری چاہی ہے تمہارے واسطے سو پلٹ چلو پھر امامؑ نے انکار کیا اور گلے لگایا امامؑ کو عبد اللہ نے

وقال أستودعك الله تعالى من قتيل وأخرج الحاكم عن ابن

اور کہا تمکو سپرد کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے اے شہید ہونے والے اور روایت کی حاکم نے عبد اللہ بن

عباس قال ما كنا نشك وأهل البيت متوافرون أن الحسين يقتل

عباس سے کہ کہا ہمکو شک نہ تھی اور اہل بیت بکثرت تھے آپس میں کہ حسینؑ شہید ہونگے

بالطف وأخرج أبو نعيم عن يحيى الحضرمي أنه سافر مع علي إلى

کربلا میں اور روایت کی ابو نعیم نے یحیی حضرمی سے کہا یحیی نے کہ میں نے سفر کیا حضرت علیؑ کے ساتھ

صفين فلما حاذى نينوى نادى صبرا أبا عبد الله بشط

صفین کی طرف پھر جب برابر پہنچے نینوے کے تو حضرت امیر علیہ السلام نے پکار کر فرمایا کہ صبر کیجیو اے ابا عبد اللہ لب

الفرات قلت ماذا قال إن النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال

فرات کے میں نے عرض کیا یہ کیا آپنے فرمایا کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

حدثني جبريل أن الحسين يقتل بشط الفرات وأراني قبضة

کہا ہے مجھ سے جبرئیل نے کہ حسینؑ شہید ہوگا کنارے پر فرات کے اور دکھلائی مجھکو مٹھی بھر

AsliAhleSunnet.com

من تربته واخرج ابو نعيم عن اصبغ بن نباتة قال اتينا مع علي

اور روایت کی ابو نعیم نے اصبغ بن نباتہ سے کہا کہ ہم آئے تھے حضرت علی ع

عليه السلام على موضع قبر الحسين فقال ههنا مناخ ركابهم

علیہ السلام کے ساتھ قبر گاہ حسین علیہ السلام پر سو کہا جناب امیر نے کہ یہ شہید ہونگے اونٹ بندھنے کا

وموضع رحالهم ومهراق دمائهم فتية من آل محمد يقتلون

مقام ہے اور یہ کجاوے رکھنے کی جگہ ہے اور یہ اونکو خون بہنے کا مقام ہے کتنے جوان محمد کی اہل بیت سے ہیں مارے جاوینگے

بهذه العرصة تبكي عليهم السماء والارض واخرج الحاكم وصححه

جن پر روویگا آسمان اور زمین اور روایت صحیح کی حاکم نے

عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال اوحى الله تعالى الى

عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے کہ وحی بھیجی اللہ تعالے نے

محمد صلى الله عليه وآله وسلم اني قتلت بيحيى ابن زكريا سبعين

حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ مینے مارے یحیے بن زکریا کے عوض ستر

الفا واني قاتل بابن بنتك سبعين الفا وسبعين الفا واخرج

ہزار اور مجکو مارنے تیرے نواسے کے عوض ستر ہزار اور ستر ہزار اور روایت کی

احمد والبيهقي عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال

احمد اور بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ تعا عنہما سے کہ اونھوں نے کہا

رايت النبي صلى الله عليه وآله وسلم في النوم ذات يوم نصف

دیکھا مینے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں ایک دن دو

النهار اشعث اغبر بيده قارورة فيها دم فقلت ما هذه

پہر کو بال بکھرے ہوئے گرد آلودہ آپکے ہاتھ میں شیشہ ہے وسمین خون بھرا ہے مینے کہا کہ یہ کیا ہے

قال دم الحسين واصحابه لم ازل التقطه منذ اليوم فاحصي

حضرت نے فرمایا کہ یہ خون حسین و اور او سکے ساتھیوں کا ہے میں اوٹھاتا ہوں وسی آج صبح سے ابن عباس کہتے ہیں

AsliAhleSunnet.com

ذلك الوقت فوجدته قد قتل ذلك اليوم واخرج الحاكم

کہا اور دیکھا میں نے اوس وقت کو پھر خبر پہونچی مجھکو کہ حسین شہید ہوئے اوسی دن ف اور روایت کی حاکم

والبيهقي عن ام سلمة قالت رايت رسول الله صلى الله عليه واله

اور بیہقی نے ام سلمہ سے کہا اونھون نے کہ میں نے دیکھا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم في المنام وعلى راسه ولحيته التراب فقلت ما لك يا رسول

وسلم کو خواب میں کہ آپکا سر اور داڑھی خاک آلودہ ہے میں نے کہا کہ یہ کیا حال ہے یا رسول

الله قال شهدت قتل الحسين انفا واخرج البيهقي وابو نعيم

اللہ حضرت نے فرمایا کہ میں گیا تھا مقتل حسین پر ابھی ف۲ اور روایت کی بیہقی اور ابو نعیم نے

عن بصرة الازدية قالت لما قتل الحسين مطرت السماء دما فاصبحنا

بصرہ ازدیہ سے کہا جب شہید ہوئے حسین علیہ السلام تو برسا آسمان سے خون پھر جب صبح کی ہمنے

وحبابنا وجرارنا وكل شيء لنا ملان دما واخرج البيهقي وابو نعيم

تو ہمارے مٹکے اور گھڑے اور تمام برتن ہمارے لبالب تھے خون سے اور روایت کی بیہقی اور ابو نعیم نے

عن الزهري قال بلغني انه يوم قتل الحسين لم يقلب حجر من

زہری سے کہا زہری نے مجھکو خبر پہونچی ہے کہ جسدن شہید ہوئے حسین ع جو پتھر کہ اوٹھایا

احجار بيت المقدس الا وجد تحته دم عبيط واخرج البيهقي

جاتا تھا بیت المقدس میں اوسکے تلے نکلتا تھا خون تازہ سرخ اور روایت کی بیہقی نے

عن ام حبان قالت يوم قتل الحسين اظلمت علينا ثلاثا ولم يمس

ام حبان سے کہا جسدن شہید ہوئے حسین علیہ السلام اندھیرا رہا ہم پر تین دن اور ملی

منا احد من زعفرانهم شيئا يجعله على وجهه الا احترق و

جسنے زعفران منہ پر اوسکا منہ جل گیا اور

لم يقلب حجر بيت المقدس الا وجد تحته دم عبيط واخرج البيهقي

جو اوٹھایا پتھر بیت المقدس کا نکلا اوسکے نیچے خون تازہ سرخ ف۳ اور روایت کی بیہقی

عن جميل بن مرة قال اصابوا ابلا في عسكر الحسين يوم قتل فنحروها
جمیل بن مرہ سے کہا کہ پکڑ لے گئے یزید کے لشکر والے کئی اونٹ لشکر حسین سے جس دن شہید ہوئے حسین پھر ذبح کیا
وطبخوها فصارت مثل العلقم فما استطاعوا ان يسيغوا منها شيئا
اور پکایا سو ہو گئے ایسے کڑوے جیسے اندرائن کا پھل پھر اونکو کوئی نہ کھا سکا
واخرج البيهقي وابو نعيم عن سفيان قال حدثتني جدتي قالت
اور روایت کی بیہقی اور ابو نعیم نے سفیان سے کہا یوں نقل کیا مجھ سے میری دادی نے
لقد رايت الورس عاد رمادا ولقد رايت اللحم كان فيه النار
کہ دیکھا میں نے ورس کو کہ ہو گئی راکھ ف ۱ اور دیکھا میں نے گوشت کو جیسے وس میں آگ بھری تھی
حين قتل الحسين واخرج البيهقي عن علي بن مسهر قال حدثتني
جس دن شہید ہوئے حسین اور روایت کی بیہقی نے علی بن مسہر سے کہا اوسنے سنا میں نے
جدتي قالت كنت ايام قتل الحسين جارية شابة فكانت السماء
اپنی دادی سے کہا کہ تھی میں جب شہید ہوئے تھے حسین لڑکی نوجوان سو چند روز آسمان
اياما تبكي له واخرج ابو نعيم من طريق سفيان عن جدته قالت
رو یا کیا امام پر ف ۲ اور روایت کی ابو نعیم نے کہ سنا سفیان نے اپنی دادی سے کہ اوسنے کہا
شهد رجلان من قتل الحسين فاما احدهما فطال ذكره حتى كان
دو آدمی جو قتل حسین میں شریک تھے سو ایک کا اتنا بڑھ گیا تھا آلہ تناسل کہ اوپنی کمر سے
يلفه واما الاخر فكان يستقبل الراوية بفيه حتى ياتي على اخرها
باندھ لیتا تھا ف ۳ اور دوسرے کو اتنی پیاس تھی کہ پی جاتا تھا ساری پکھال کی پکھال اور پیاس نہ بجھتی تھی
فما يروى واخرج ابو نعيم عن حبيب بن ثابت قال سمعت الجنة
ف ۴ اور روایت کی ابو نعیم نے حبیب ابن ثابت سے کہا اوسنے کہ سنا میں نے جنوں کو کہ
تنوح على الحسين وهي تقول شعر مسح النبي جبينه + فله
روتے تھے حسین پر یہ پڑھ کر ف ۵ شعر اوس جبین کو نبی نے چوما تھا + تھی

AsliAhleSunnet.com

برِیْقٌ فِی الْخُدُوْدِ ✤ اَبَوَاہُ فِیْ عُلْیَا قُرَیْشٍ ✤ وَجَدُّہٗ خَیْرُ الْجُدُوْدِ ✤
چمک گیا ہی اوسکے چہرے پر ✤ اوسکے ماں باپ تھے قریش کی جان ✤ اوسکا نانا جہان سے بہتر ✤

وَاَخْرَجَ اَبُوْنُعَیْمٍ مِنْ طَرِیْقِ حَبِیْبِ ابْنِ ثَابِتٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ مَا سَمِعْتُ
اور روایت کی ابو نعیم نے طریق حبیب بن ثابت سے کہ حضرت ام سلمہؓ نے کہا نہیں سنا

نَوْحَ الْجِنِّ مُنْذُ قُبِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلَّا اللَّیْلَۃَ وَمَا اُرٰی
رونا جنوں کا جب سے انتقال ہوا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مگر آج کی رات تو بیٹے جانا

اِبْنِیْ اِلَّا قَدْ قُتِلَ یَعْنِی الْحُسَیْنَ فَقَالَتْ لِجَارِیَتِہَا اُخْرُجِیْ فَاسْئَلِیْ
کہ میرا بیٹا حسینؑ شہید ہوا بعد کہا حضرت ام سلمہؓ نے اپنی لونڈی سے کہ گھر سے نکلکر پوچھ تو

فَاُخْبِرَتْ اَنَّہٗ قَدْ قُتِلَ وَاِذَا الْجِنَّۃُ تَنُوْحُ شِعْرٌ اَلَا یَا عَیْنُ فَانْہَمِلِیْ
پھر معلوم ہوا کہ حسینؑ شہید ہوئے اور جن یہ کہکر رونے لگے شعر ہو سکے جتنا رو لے تو اے

بِجُہْدٍ ✤ وَمَنْ یَّبْکِیْ عَلَی الشُّہَدَآءِ بَعْدِیْ ✤ عَلٰی رَہْطٍ تَقُوْدُہُمُ
چشم ✤ کون روئے گا پھر شہیدوں کو ✤ پاس ظالم کے کھینچتی

الْمَنَایَا ✤ اِلٰی مُتَجَبِّرٍ فِیْ مُلْکِ عَہْدِیْ ✤ وَاَخْرَجَ اَبُوْنُعَیْمٍ عَنْ مَزِیْدِ
لائی ✤ موت سارے وا اسے ان عزیزوں کو ✤ اور روایت کی ابو نعیم نے مزید

بْنِ جَابِرِ الْحَضْرَمِیِّ عَنْ اُمِّہٖ قَالَتْ سَمِعْتُ الْجِنَّ تَنُوْحُ عَلَی الْحُسَیْنِ
بن جابر حضرمی سے اوسنے اپنی ماں سے کہ اوسنے کہا سنا میں نے جنوں کو روتے حسین علیہ السلام پر

وَہِیَ تَقُوْلُ شِعْرٌ اَنْعِیْ حُسَیْنًا ہَبِلًا ✤ کَانَ حُسَیْنًا جَبَلًا
اور وہ کہتے تھے شعر ہوئے شہید سنا ون تمھیں بشیرہ ترے حسینؑ کو وہ رضا اور حسین کے اختر ✤

وَاَخْرَجَ ابْنُ عَسَاکِرَ عَنِ الْمِنْہَالِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ اَنَا وَاللّٰہِ رَاَیْتُ رَاْسَ
اور روایت کی ابن عساکر نے منہال بن عمرو سے کہا کہ میں نے واللہ دیکھا سر مبارک

الْحُسَیْنِ حِیْنَ حُمِلَ وَاَنَا بِدِمَشْقَ وَبَیْنَ یَدَیِ الرَّاْسِ رَجُلٌ یَقْرَاُ
حسین علیہ السلام کو کہ اوسکو لیے جاتے تھے نیزے پر اور میں شہر دمشق میں تھا اور آگے سر مبارک کے ایک شخص پڑھتا

سورة الكهف حتى بلغ قوله تعالى ام حسبت ان اصحاب الكهف

سورۂ کہف جب اس آیت پر پہونچا کہ کیا تو نے جانا کہ اصحاب کہف

والرقيم كانوا من اياتنا عجبا فانطلق الله الرأس بلسان ذرب فقال

اور رقیم ہماری نشانیوں قدرت سے اعجوبہ تھے تو گویا کر دیا اللہ نے سر مبارک کو زبان فصیح سے پھر کہا سر

اعجب من اصحاب الكهف قتلي وحملي واخرج ابو نعيم

کہ عجب ہی اصحاب کہف کے قصے سے قصہ قتل میرے کا اور اوٹھائے لیے پھرنا اور روایت کی ابو نعیم نے

من طريق بن لهيعة عن ابي قنبل قال لما قتل الحسين احتزوا

طریقی ابن لہیعہ سے اونسے ابی قنبل سے کہا کہ جب شہید ہوئے حسین اور سر مبارک کو

رأسه وقعدوا في اول مرحلة يشربون النبيذ فخرج عليهم

کاٹ کر شام کی طرف روانہ ہوئے اور پہلی منزل میں بیٹھے پیتے تھے خرمے کا شیرہ کہ اتنے میں نمودار ہوئی

قلم من حديد فكتب سطرا بدم شعر

ایک آہنی قلم اور اوسنے لکھا خون سے یہ شعر

اترجو امة قتلت حسينا ٭ شفاعة جده يوم الحساب

شبیر کے قاتل کیا فردائے قیامت میں ٭ امید بھی رکھتے ہیں نانا کی شفاعت کی ف۲

تمت

فائدہ جب یزید پلید قتل امام حسینؑ اور ہتک حرمت اہل بیت نبوی سے فارغ ہوا تو اس غرور سے
اوسکی شقاوت اور قساوت اور زیادہ ہوئی چنانچہ زنا اور لواطت اور بھائی کا بہن سے بیاہ اور سود وغیرہ منہیات
شرعیہ کو اوسنے اپنے عہد مین علانیہ رواج دیا اور مسلم بن عقبہ کو بارہ ہزار یا بیس ہزار آدمیوں کے ساتھ واسطے تاخت و
تاراج مدینہ منورہ کے بھیجا تین دن تک اوس شہر مطہر کے رہنے والے قتل اور لوٹ مین گرفتار رہے اور سات سو صحابی و قریشی
صاحب وجاہت اور عوام الناس اور لڑکے ملاکر دس ہزار آدمیوں سے زیادہ شہید کیے اور لڑکونکو بندی کر لیا اور عورتونکو
لشکر والون پر مباح کر دیا اور ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کا گھر لوٹ لیا اور مسجد نبویؐ کے ستونون مین گھوڑے باندھے
چنانچہ گھوڑونے منبر اور قبر شریف کے درمیان کا مکان پیشاب اور لید سے نجس کیا اور تین دن تک
مسجد شریف مین لوگ نماز سے مشرف نہوئے فقط سعید بن مسیب دیوانے بنکے وہان حاضر رہے اور
کیا کیا کچھ اعمال قبیح کہ اوس مسجد مقدس اور شہر مطہر مین یزید والونے نہین کیے کہ زبان قلم کی اوسکی تفصیل
سے عاجز ہے اور منجنیق سے کعبۂ معظمہ کو سنگسار کیا کہ صحن حرم محترم کا پتھرونسے بھر گیا
اور ستون مسجد الحرام کے ٹوٹ گئے اور لباس خانہ کعبہ کو جلا دیا اور کعبے کے دروازے کے پردے کو
اوتار کے تنور مین جلا دیا کتنے دن بیت اللہ بے لباس اور وہانکے رہنے والے نہایت ایذا اور ہراس مین
رہے بالجملہ وہ بدبخت تین برس اور سات مہینے تخت حکومت پر سلطنت کر کے پندرھوین ربیع الاول سنہ
چونسٹھ ۶۴ ہجری مین جبکہ اوس پلید کے حکم سے کعبے کی بیحرمتی ہوئی اوسیدن شہر حمص مین شام کے
شہرونمین سے اونتالیس ۳۹ برس کی عمر مین واصل جہنم ہوا **فائدہ** جب مختار بن ابی عبید ثقفی عبد الملک
کی سلطنت مین کوفے پر غالب ہوا پہلے اپنے خواص خاص کو عمر بن سعد کے بلانے کو بھیجا ابن سعد کا
بیٹا حفص نامے حاضر ہوا مختار نے پوچھا کہ تیرا باپ کہان ہے اوسنے کہا کہ خانہ نشین ہے مختار نے
کہا کہ اب کیونکر حکومت رے سے دست بردار ہو کے گھر مین بیٹھا امام حسینؑ کے قتل کے دن کیون نہ خانہ نشینی
نہ اختیار کی بعد اوسکے حکم دیا کہ عمر بن سعد اور اوسکے بیٹے اور شمر کی گردن مارین اور اونکے سرونکو
حضرت محمد بن حنفیہ پاس بھیجدیا پھر حکم عام دیا کہ جو کوئی معرکہ کربلا مین شریک عمر بن سعد کا تھا اوسکو
جہان پاؤ مار ڈالو یہ حکم سنکے سب کوفے والے بصرے کو بھاگے اور لشکر مختار نے اونکا تعاقب کیا

AsliAhleSunnet.com

جسکو پایا مار ڈالا اور اوسکی لاش کو جلا دیا اور اوسکا گھر لوٹ لیا جب خولی بن یزید کو قید کرکے مختار پاس لائے اوسنے پہلے اوسکے چارون ہاتھہ پیر کاٹ ڈالے پھر اوسکو سولی چڑھایا پھر اوسکے بدن کو آگ مین جلا دیا اسی طرح سے ہر ایک لشکر ابن سعد کو طرح طرح کے عذاب سے مارا صواعق محرقہ مین لکھا ہے مختار نے چھہ ہزار کوفے والونکو جو شریک امام حسین ع کے قتل مین تھے طرح طرح سے عذاب کرکے مارا **فائدہ** جب مختار بن سعد اور شمر اور خولی بن یزید اور اونکے ہمراہیونکو قتل کر چکا عبید اللہ بن زیاد کی فکر مین ہوا اور ابن زیاد اون دنون موصل مین جا رہا تھا اور اوسکے ساتھہ تیس ہزار سوار اور پیادے تھے چنانچہ ابراہیم بن مالک اشتر کو فوج ہمراہ کرکے ابن زیاد کے مقابلے کو بھیجا جب ابراہیم سرحد موصل مین پھونچا ابن زیاد نے دریا کنارے پندرہ کوس موصل سے اوس سے مقابلہ کیا صبح سے شام تک خوب لڑائی ہوئی قریب شام کے ابراہیم کی فوج نے لشکر ابن زیاد کو شکست دی جب ابن زیاد کے ہمراہی بھاگے ابراہیم نے حکم کیا کہ جسکو فوج مخالف سے پاوین زندہ نہ چھوڑین چنانچہ بہتونکو جان سے مار ڈالا اور ابن زیاد بھی مارا گیا ابن زیاد کا سر کاٹ کے لشکر والون نے ابراہیم پاس حاضر کیا ابراہیم نے مختار پاس کوفے مین بھجوا دیا جب سر ابن زیاد کا کوفے مین پھونچا مختار نے دار الامارۃ کوفے مین محفل کو آراستہ کرکے کوفے والونکو جمع کیا اوسوقت سر نامبارک ابن زیاد بد نہاد کا منگوا کے کہا اے اہل کوفہ دیکھو کہ خون ناحق امام حسین علیہ السلام نے ابن زیاد کو زندہ نہ چھوڑا تاریخ کی کتابون مین لکھا ہے کہ مختار کی لڑائی مین ستر ہزار اہل شام مارے گئے اور یہ واقعہ سنہ ہجری مین چھہ برس واقعہ کربلا کے بعد عاشورے کے دن واقع ہوا **فائدہ** ترمذی کی صحیح روایت مین وارد ہے کہ جب ابن زیاد اور اوسکے سردارونکے سر مختار پاس لاکے رکھے گئے یکایک ایک سانپ بڑا سا ظاہر ہوا کہ لوگ اوسے دیکھ کے ہٹ گئے سانپ سب سرون مین سے عبید اللہ ابن زیاد کے سر پاس گیا اوسکے نتھنو مین گھسا اور تھوڑی دیر ٹھہر کے اوسکے منہ سے نکلا پھر اوسکے منہ مین گھسا اور نتھنے سے نکلا اسیطرح تین بار سانپ نے آمد و رفت کی پھر غائب ہو گیا الحاصل ابن زیاد اور ابن سعد اور شمر ذی الجوشن اور قیس بن اشعث کندی اور خولی بن یزید اور سنان بن انس نخعی اور عبد اللہ بن قیس اور یزید بن مالک اور باقی

AsliAhleSunnet.com

غرض اسطرح طرح کی عقوبتون سے قتل ہوئے اور اونکی لاشونکو اسطرح گھوڑونکے سمون سے روندا کہ ہڈیان
چور چور ہو کر خاک سے برابر ہوگئین پر تاریخ والونکو اس امر مین اختلاف ہے کہ ابن سعد اور شمر وغیرہ ابن زیاد سے
پہلے مارے گئے یا پیچھے ہر نہج سے جو حاکم کی حدیث مین وعدہ منتقم حقیقی کا گذرا کہ امام حسین علیہ السلام
کے عوض ستر ہزار اور ستر ہزار شقی مارے جاوینگے سو محقق ہوا آخر آخر مختار کے عقیدے مین فساد
آیا اور اوسکو یہ خبط ہوا کہ اوسکی طرف وحی آتی ہے اور حضرت محمد بن الحنفیہ وہی مہدی موعود ہین
اور جب قبضہ اوسکا کوفے اور اوسکے اطراف اور جوانب پر خوب ہوگیا تو اوسکو داعیہ لڑائی کا عبد اللہ
بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ پیدا ہوا جب عبد اللہ بن زبیر کو یہ حال معلوم ہوا اونھون نے بھی اپنے
بھائی مصعب بن زبیر کو جو بصرے کے حاکم تھے اوسکے مقابلے کے واسطے معین کیا جب
مصعب بصرے سے لڑائی کے ارادے پر روانہ ہوئے تو مصعب اور مختار مین خوب جدال اور قتال
ہوا آخر الامر فتح مصعب بن زبیر کو نصیب ہوئی اور مختار اس معرکہ مین مارا گیا اور مصعب بن زبیر کوفے پر
قابض ہوئے آخر کو عبد الملک مصعب بن زبیر پر چڑھ آیا اور مصعب بن زبیر کو
اور ابراہیم بن مالک اشتر کو اکہتر سنہ ہجری مین قتل کیا **فائدہ** عبد الملک بن عمر ولیثی سے روایت
ہے کہ عجب اتفاق ہے کہ مینے دار الامارۃ کوفے مین پہلے امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک دیکھا
کہ عبید اللہ بن زیاد کے سامنے داہنی طرف ایک سپر پر رکھا تھا پھر وہین ابن زیاد کا سر دیکھا کہ مختار
کے رکھا تھا پھر وہین مختار کا سر دیکھا کہ مصعب بن زبیر کے سامنے رکھا تھا پھر وہین مصعب بن زبیر کا
سر دیکھا کہ عبد الملک کے روبرو رکھا تھا ابن عمر ولیثی نے کہا جب مینے یہ حال عبد الملک کے
آگے بیان کیا وہ کہنے لگا خدا تجکو یہان پانچوان سر نہ دکھاوے اور اوس دار الامارۃ کی شامت
سے اوسی وقت اوسی کھدوا ڈالا قصہ کوتاہ جب عبد الملک نے مصعب بن زبیر پر فتح
پائی چاہا کہ فوج عبد اللہ بن زبیر کے مقابلے کو مکے مین بھیجے لوگون نے عذر کیا کہ حرم محترم
مین جدال اور قتال حرام ہے وہان جاکر کیونکر لڑین آخر ایک دن حجاج بن یوسف نے عبد الملک
کے سامنے آکے بیان کیا کہ مینے خواب مین دیکھا ہے کہ عبد اللہ بن زبیر کا سر مینے کاٹ لیا

AsliAhleSunnet.com

عبد الملک نے جانا کہ حجاج کے جانے کو عبد اللہ بن زبیر کے مقابلے مین تیار ہے اوسنے جلد ایک لشکر
حجاج کے ہاتھ نام کر کے مکہ معظمہ کیطرف روانہ کیا حجاج اصل طائف کا رہنے والا تھا اوسنے
وہان آکے اور فوج جمع کر کے متوجہ مکے کا ہوا اور وہان سرگرم قتال اور جدال کا ہوا اور بالکل
آداب مکہ معظمہ اور حرم محترم کے چھوڑ کے نہایت بے ادبیون اور گستاخیون پر کمر باندھی یہانتک
کہ تمام حرم محترم کو شہیدونکے خون سے رنگین کیا اور عبد اللہ بن زبیر کو بھی سنہ ۷۲ بہتر یا تہتر ہجری مین
شہید کیا بعد اوسکے سولی چڑہایا پھر سولی سے اوتروا کے یہودیون کی قبر زمین مین ڈلوا دیا بعد
طے کرنے اس مرحلے کے حکومت مروانیونکی شام اور عراق اور حجاز مین جم گئی اور سب سلطنت اونکی
تراسی ۸۳ برس چار مہینے رہی ۱۲ تحریر الشہادتین اور صواعق محرقہ اور اشاعۃ لاشراط الساعۃ

خاتمۃ الطبع

حمد و ثنا ایسے خالق کو زیبا ہے کہ محمد مصطفے صلعم سا رسول پیدا کیا اور کمال شہادت اونکی دونو بیٹونکو دیا
کہ یہ رسالہ سر الشہادتین تصنیف مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی اور ترجمہ مولوی خرم علی اور ترجمہ مولانا محمد
سلامت اللہ کہ نام اوس ترجمہ کا تحریر الشہادتین ہے اور مرزا حسن علی کے فوائد صواعق محرقہ و اشاعۃ
و روضۃ الاحباب وغیرہ سے زیب حاشیہ کیا ہی اول بار سنہ ۱۲۶۷ ہجری مین مطبع مصطفائی مین مصطفی خان نے
اور دوسری بار مطبع نظامی واقع کانپور مین عبد الرحمن خان نے سنہ ۱۲۸۶ ہجری مین اور تیسری بار مطبع لسیدی مین
حافظ عبد الستار خان نے سنہ ۱۲۸۸ ہجری مین چھاپ کر نقد سعادت بدست افتخار لیا اب بکمال کوشش
مطبع نامی منشی نولکشور صاحب بمقام لکہنو شہر شعبان المعظم سنہ ۱۲۹۰ ہجری مطابق ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۷۳ء
مین حلیہ صحت و لباس خوش قطعی سے قامت زیبا طبع ذی آراستگی پائی اور مطبوع طبع اہل جہان ہوا

AsliAhleSunnet.com